# جائزہ

برائے تیسری سہ ماہی

۱۔ دیے گئے جُملے پڑھیے اور دُرست جواب پر (✓) کا نشان لگائیے۔

(ا) لیاقت علی خان نواب تھے:

○ دہلی کے　○ کرنال کے　○ لکھنؤ کے　○ کراچی کے

(ب) پربَت کے معنی ہیں:

○ دریا　○ سمندر　○ جنگل　○ پہاڑ

(ج) دُوسروں کے دُکھ میں ساتھ دینا بہترین مثال ہے:

○ حُسنِ سلوک کی　○ دوستی کی　○ آداب کی　○ دُکھ کی

(د) ٹیکسلا اِس صوبے میں واقع ہے:

○ بلوچستان　○ پنجاب　○ سندھ　○ خیبر پختون خوا

(ہ) آئی ایس ایس ہے ایک:

○ خلائی جہاز　○ مصنوعی سیّارہ　○ راکٹ　○ کھیل کا میدان

۲۔ درج ذیل سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔

(ا) قائدِملّت کا کیا مطلب ہے؟

(ب) لیاقت علی خان نے حکومتِ پاکستان کو دہلی میں اپنی کون سی عمارت تحفے میں دے دی؟

(ج) سکندرِ اعظم نے ٹیکسلا کے قریب کِس راجا کو شکست دی؟

(د) سیّارہ کسے کہتے ہیں؟

(ہ) خلائی سُوٹ کیسا ہوتا ہے؟

۳۔ درج ذیل الفاظ کے مترادف لکھیے۔

| تاریکی | طویل | وزنی |
|---|---|---|
| | | |

۴۔ درج ذیل جملوں میں رموزِ اوقاف (وقفہ، سوالیہ، واوین) لگا کر دوبارہ لکھیے۔

| جُملے | رموزِ اوقاف کے ساتھ جُملے |
|---|---|
| تمھارا نام کیا ہے | |
| اُستاد صاحب نے کہا کل امتحان ہو گا | |
| شیر ہاتھی زیبرا اور بندر ہم نے چڑیا گھر میں دیکھے | |

۵۔ یونین کونسل کو درخواست لکھیے، جس میں علاقے میں صفائی کی صورتِ حال بہتر بنانے کی درخواست کی گئی ہو یا اپنے کسی تفریحی دورے کا دس جملوں پر مشتمل احوال لکھیے۔